PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE
PCB.COM.PK

# پی ٹی وی اور اسٹیٹ بینک کل سے پریذیڈنٹ ٹرافی گریڈ ون کے فائنل میں مدمقابل

- راولپنڈی اسٹیڈیم میں یہ نائٹ فائنل پنک بال سے کھیلا جائے گا

**راولپنڈی 3مارچ2025ء:**

پریذیڈنٹ ٹرافی گریڈ ون کا فائنل 4مارچ سے اسٹیٹ بینک آف پاکستان اور پاکستان ٹیلی ویژن کے درمیان راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ یہ پانچ روزہ فائنل نائٹ گیم ہوگا جو پنک بال سے کھیلا جائے گا۔ میچ کا آغاز شام ساڑھے سات بجے ہوگا۔

فاتح ٹیم کو50لاکھ روپے کی انعامی رقم ملے گی، جبکہ رنراپ 25لاکھ روپے کی رقم حاصل کرے گی۔

پی ٹی وی کی قیادت عماد بٹ جبکہ اسٹیٹ بینک کی قیادت ٹیسٹ کرکٹر عمر امین کریں گے۔ دونوں ٹیموں نے ٹورنامنٹ میں آٹھ میچوں میں 149 پوائنٹس کے ساتھ گروپ مرحلے کا اختتام کیا۔

دونوں نے پانچ میں فتح حاصل کی، دو میں شکست ہوئی اور ایک میچ ڈرا ہوا۔

پی ٹی وی کے لیے شامل حسین 60.27 کی اوسط سے دو سنچریوں اور ایک نصف سنچری کے ساتھ سات میچوں میں 663 رنز کے ساتھ سب سے زیادہ رنز بنانے والوں میں دوسرے نمبر پر ہیں۔ محمد طحہٰ ایک سنچری اور تین نصف سنچریوں کے ساتھ 609 رنز بنا کر بیٹنگ میں پانچویں نمبر پر ہیں۔

بولنگ میں پی ٹی وی کا انحصار مہران سانول اور فیصل اکرم پر ہو گا- دونوں نے 24،24 وکٹیں حاصل کی ہیں۔

اسٹیٹ بینک کے لیے کپتان عمر امین آٹھ میچوں میں 571 رنز کے ساتھ بیٹنگ میں سب سے آگے ہیں جس میں دو سنچریاں اور تین نصف سنچریاں شامل ہیں۔ رمیز عزیز رنز بنانے والوں میں اسٹیٹ بینک کے ایک اور بیٹر ہیں جنھوں نے آٹھ میچوں میں 551 رنز بنائے جس میں ایک سنچری اور دو نصف سنچریاں شامل ہیں۔
بولنگ میں 19 سالہ محمد اسماعیل نے آٹھ میچوں میں 39 وکٹیں حاصل کی ہیں جن میں تین مرتبہ اننگز میں پانچ وکٹیں شامل ہیں۔

پی ٹی وی کے کپتان عماد بٹ کا کہنا ہے کہ ہم سب ٹورنامنٹ کے دلچسپ اختتام کے لیے تیار ہیں۔ ہماری ٹیم نے ٹورنامنٹ میں اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے اور ضرورت پڑنے پر نوجوان کھلاڑیوں نے ذمہ داری کا مظاہرہ کیا ہے اور اس کے نتائج سب کے سامنے ہیں۔ ہم جانتے ہیں کہ اسٹیٹ بینک کے اسکواڈ میں کچھ تجربہ کار کھلاڑی ہیں تاہم ہم ان کے خلاف اچھی کارکردگی دکھا کر ٹائٹل جیتنے کے لیے تیار ہیں۔

اسٹیٹ بینک کے کپتان عمر امین کا کہنا ہے کہ ہماری ٹیم نے گروپ مرحلے میں پی ٹی وی کے خلاف اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے اور ہم فائنل میں بھی اسی کارکردگی کو دوہرانے کی کوشش کریں گے۔ ہمارے بلے بیٹرز اور بولرز نے میدان میں کچھ اچھے نتائج دیے ہیں اور مجھے امید ہے کہ ٹیم فائنل میں بھی ایسا ہی کرے گی۔

**پی ٹی وی اسکواڈ:**

عماد بٹ (کپتان) عبدالواحد، علی عثمان، عاقب لیاقت، فیصل اکرم، امام الحق، اسرار حسین، مہران سانول، محمد شہزاد، محمد طحہ، محمد ابتسام، محمد محسن، سجاد علی، سلمان خان، شامل حسین، تیمور خان اور وقار حسین (وکٹ کیپر)

**اسٹیٹ بینک اسکواڈ:**

عمر امین (کپتان) ایمل خان، علی شان (وکٹ کیپر) فواد عالم، عمران بٹ، کاشف بھٹی، محمد عباس، محمد فیضان، محمد اسماعیل، محمد غازی غوری (وکٹ کیپر)، محمد عرفان خان، نیاز خان، رمیز عزیز، سلمان علی آغا، ثاقب خان۔ سعود شکیل۔ سراج الدین۔ عثمان صلاح الدین اور زاہد محمود۔

**سیشن اپ ڈیٹ:**

پہلا سیشن: شام ساڑھے 7 بجے سے رات ساڑھے 9 بجے۔

چائے کا وقفہ: رات ساڑھے 9 بجے سے رات 9 بجکر 50 منٹ۔

دوسرا سیشن: رات 9 بجکر 50 منٹ سے رات 11 بجکر 50 منٹ۔

رات کے کھانے کا وقفہ: رات 11 بجکر 50 منٹ سے رات ساڑھے 12 بجے۔

تیسرا سیشن: رات ساڑھے 12 بجے سے رات ڈھائی بجے۔

-END-

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4